4143-خاوند عصبیت کا مالک ہے اس کے لیے کونسی دعا کرے

سوال

میری بہن نے شادی کی اور شادی کی کچھ مدت بعد اس کا خاوند عصبیت کا مالک بن گیا حتی کہ وہ بہت ہی زیادہ تعصب کرنے لگا ہے تو کیا کوئی ایسی دعا یا پھر سورۃ ہے جس کے پڑھنے سے وہ اپنے خاوند کو اس سے بچا سکے اور پہلے کی طرح زندگی گزارنے لگے ؟

پسندیدہ جواب

اس حالت کے لیے کوئی مخصوص دعا یا پھر کوئی سورت نہیں ہے ، لیکن یہ ممکن ہے کہ بیوی اپنے خاوند کے لیے دعا کرے کہ اللہ تعالی اس کے خاوند کو اس سے نجات دے مثلا وہ یہ کہے : اے اللہ اس سے غضب اور غصہ ختم کردے ، اے اللہ اسے حلیم وبردبار بنا دے ، اے اللہ اس پر سکون نازل فرما ۔

بیوی کو چاہیے کہ وہ اپنے رب کو اس کے اسمائے حسنی اور صفات علا کے ساتھ پکارے اور اس کے سامنے التجا کرتے ہوئے گڑگڑائے اور عاجزي کا اظہار کرے اور اس کے لیے اسے قبولیت کے اوقات خاص کرنا چاہیے مثلا رات کے آخری حصہ میں یا پھر جمعہ والے دن کے آخری حصہ میں ، اور عرفات کے دن اور اسی طرح سجدہ وغیرہ میں دعا کا اہتمام کرے ۔

ہم اللہ تعالی سے دعا گو ہیں کہ وہ ان دونوں کے حالات کی اصلاح فرمائے ، اور ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے ۔

واللہ اعلم .